سوال

(59) شہادت پر انگلی سے تشہد میں اشارہ کرنا سنت ہے یا لاپر۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا شہادت پر انگلی سے تشہد میں اشارہ کرنا سنت ہے یا لاپر

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شہادت پر انگلی سے تشہد میں اشارہ کرنا سنت ہے۔ لاپر کلمہ کی انگلی اٹھائے اور الاپر رکھ دے اور سب انگلیاں سیدھی کرلے۔ حدیث میں ہے جس کو ابوداؤد نسائی نے عبداللہ بن زبیرؓ سے روایت کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب دعا کرتے (تشہد میں کلمہ شہادت پر پہنچتے) تو انگلی سے اشارہ کرتے اور حرکت نہ دیتے۔ نیز ترمذی و نسائی و بیہقی ابوہریرہؓ سے راوی کہ ایک شخص کو دو انگلیوں سے اشارہ کرتے دیکھا فرمایا توحید کر توحید کر (ایک انگلی سے اشارہ کر)
(نوٹ) یہ مسئلہ حنفی بریلوی مسلک کی معتبر کتاب سے نقل کیا گیا ہے۔ دیکھو بہار شریعت ۳ ص ۸۳ (سعیدی)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 3 ص 183

محدث فتویٰ